**اکیسویں صدی اسکول**

**خلاصہ دستاویز 2023**

**کیتھیز اور گبالفہ، ہیتھ، للینڈف نارتھ اور پلیسنوڈ کے حصوں کے لیے پرائمری سکول کے لیے جگہوں کی فراہمی**

**03 مئی 2023 – 30 جون 2023**

**بریل میں یہ خلاصہ دستیاب ہے**

**یہ مشاورتی دستاویز نہیں ہے**

**مشاورتی دستاویز یہاں دستیاب ہے**

**www.cardiff.gov.uk/CathaysGabalfaPrimarySchools**

**تعارف**

**یہ کتابچہ کس متعلق ہے؟**

کارڈف کونسل کیتھیز اور گبالفہ، ہیتھ، للینڈف نارتھ اور پلیسنوڈ کے حصوں میں پرائمری سکولوں میں تبدیلی کرنا چاہ رہی ہے۔

یہ کتابچہ ان تبدیلیوں پر ایک مشاورتی دستاویز ہے۔ مکمل مشاورتی دستاویز آپ کو www.cardiff.gov.uk/CathaysGabalfaPrimarySchools پر مل جائے گی۔

وہ سکول جو ان تبدیلیوں سے متاثر ہو سکتے ہیں وہ ایلنز بینک پرائمری سکول، گلیڈسٹون پرائمری سکول، ویلز پرائمری سکول میں سینٹ مونیکا چرچ اور Ysgol Myndd Bychan ہیں۔

ہم ایسی تبدیلیوں کی تجویز دے رہے ہیں کہ کس طرح انگریزی میڈیم سکولوں کو منظم کیا جا سکتا ہے۔ مقامی انگریزی میڈیم سکولوں میں مجموعی طور پر بہت سی فالتو جگہ موجود ہے۔ انگریزی میڈیم کمیونٹی پرائمری سکولوں کی تعداد بھی اتنی ہی ہے یا کچھ کم۔ بچوں کے لیے ہنوز کافی جگہ موجود ہے جو حالیہ انگریزی میڈیم سکولوں میں جاتے ہیں یا مستقبل میں جانا چاہتے ہیں۔

ہم Ysgol Myndd Bychan کو پھیلا کر ویلش میڈیم پرائمری سکولوں کو بھی علاقے میں بڑھانا چاہتے ہیں۔حالیہ یہ سکول بھرا ہوا ہے۔

کونسل حالیہ تمام عمارتیں اور جگہیں اپنے قبضے میں رکھے گی۔ مستقبل میں آبادی کے بڑھنے کی صورت میں یہ کار آمد ہوں گے۔

ہم چاہتے ہیں کہ سب لوگ یہ سمجھ لیں کہ کیا تجاویز دی گئی ہیں تا کہ آپ ہمیں یہ بتا سکیں کہ آپ ان تجاویز سے متعلق کیا سوچتے ہیں۔

**ہم کیا کرنے کی تجویز دے رہے ہیں؟**

علاقے میں سکولوں کو از سر نو منظم کرنے کے لیے کونسل تین آپشن تجویز کر رہی ہے۔

ذیل میں گوشوارے میں مجوزہ تبدیلیاں ہیں۔ یہ تبدیلیاں ستمبر 2025 سے لاگو ہوں گی۔

| آپشن | سکول | تجویز |
|---|---|---|
| آپشن 1 | ایلنز بینک پرائمری سکول اور گلیڈسٹون پرائمری سکول | ایلنز بینک اور گلیڈسٹون پرائمری سکول کو آپس میں ضم کیا جائے ، اس طرح کہ، <br>o ایلنز بینک پرائمری سکول کو باقاعدہ طور پر بند کر دیا جائے |

| | | |
|---|---|---|
| | | ○ گلیڈسٹون پرائمری سکول کو باقاعدہ طور پر بند کر دیا جائے<br>○ حالیہ گلیڈسٹون پرائمری سکول / سینٹ مونیکا CiW پرائمری سکول کی مشترکہ جگہ پر ایک نیا 420 کی گنجائش والا انگریزی میڈیم پرائمری سکول کھولا جائے |
| | سینٹ مونیکا CiW پرائمری سکول | سینٹ مونیکا CiW پرائمری سکول کو Ysgol Myndd Bychan کی حالیہ جگہ پر منتقل کر دیا جائے |
| | Ysgol Myndd Bychan | Ysgol Myndd Bychan کو ایلنزبری پرائمری سکول کی حالیہ جگہ پر منتقل کر دیا جائے<br><br>Ysgol Myndd Bychan کی گنجائش 192 سے بڑھا کر 420 کر دی جائے<br><br>Ysgol Myndd Bychanمیں نرسری کے لیے گنجائش 64 سے بڑھا کر 96 کر دی جائے |
| **آپشن** | **سکول** | **تجویز** |
| آپشن 2 | ایلنز بینک پرائمری سکول اور گلیڈسٹون پرائمری | |

| | | |
|---|---|---|
| | سکول | مشترکہ جگہ پر ایلنزبینک اور گلیڈسٹون پرائمری سکولوں کو دوبارہ کھولا جائے، اس طرح کہ:<br><br>○ ایلنزبینک پرائمری سکول کو گلیدسٹون پرائمری سکول/سینٹ مونیکا CiW پرائمری سکولوں کی حالیہ مشترکہ جگہ پر منتقل کر دیا جائے<br>○ ایلنزبینک پرائمری سکول کی گنجائش 315 سے کم کر کے 210 کر دی جائے<br>○ ایلنزبینک پرائمری سکول میں نرسری حتم کر کے عمر کی حد 3-11 سال حتم کر کے 4-11 سال کر دی جائے<br>○ گلیڈسٹون پرائمری سکول میں نرسری کی تعداد 64 سے بڑھا کر 96 کر دی جائے |
| | سینٹ مونیکا CiW پرائمری سکول | سینٹ مونیکا CiW پرائمری سکول کو Ysgol Myndd Bychan کی حالیہ جگہ پر منتقل کر دیا جائے<br><br>سکول میں نرسری شروع کی جائے |

| | | |
|---|---|---|
| | Ysgol Myndd Bychan | Ysgol Myndd Bychan کو ایلنزبینک پرائمری سکول کی حالیہ جگہ پر منتقل کر دیا جائے<br><br>Ysgol Myndd Bychan کی تعداد 192 سے بڑھا کر 420 کر دی جائے<br><br>Ysgol Myndd Bychan میں نرسری کی تعداد 64 سے بڑھا کر 96 کر دی جائے |
| | | |
| آپشن 3 | ایلنز بینک پرائمری سکول | ایلنزبینک پرائمری سکول کو Ysgol Myndd Bychan کی حالیہ جگہ پر منتقل کر دیا جائے |
| | | ایلنزبینک پرائمری سکول کی تعداد 315 سے کم کر کے 192 کر دی جائے |
| | Ysgol Myndd Bychan | Ysgol Myndd Bychan کو ایلنزبینک پرائمری سکول کی حالیہ جگہ پر منتقل کر دیا جائے<br><br>Ysgol Myndd Bychan کی تعداد 192 سے بڑھا کر 420 کر دی جائے<br><br>Ysgol Myndd Bychan میں نرسری کی تعداد 64 سے بڑھا کر 96 کر دی جائے |

**میں ذیادہ کیسے جان سکتا ہوں؟**

ہماری مجوزہ تبدیلیوں کی یہ دستاویز ایک خلاصہ ہے۔ یہ تجاویز کی وجوہات کو واضح کرتی ہے اور کیا ہو گا اگر فیصلہ نہ ہو سکے۔

مجوزہ تبدیلیوں کی مکمل تفصیلات مشارتی دستاویز میں یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں: www.cardiff.gov.uk/CathaysGabalfaPrimarySchools

ہم نے ایک عوامی ملاقات کا انتظام کیا ہے جس میں آپ شامل ہو سکتے ہیں کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم آپ کو مجوزہ تبدیلیوں کی وضاحت کریں اور آپ ہم سے سوال کریں۔ فہرست ذیل میں دی گئی ہے۔

| مشاورتی ملاقات کی تاریخیں | | |
|---|---|---|
| مشاورت کی نوعیت | تاریخ/وقت | مقام |
| ڈراپ-ان سیشن | سوموار 15 مئی 2023<br>دوپہر 2:30 سے سہ پہر 4:30 | کیتھیز برانچ اور ہیریٹیج لائبریری |

| | | |
|---|---|---|
| ڈراپ | جمعرات 25 مئی 2023<br>صبح 9 سے صبح 11 | کیتھیز برانچ اور ہیریٹیج لائبریری |
| ڈراپ | بدھ 07 جون 2023<br>شام 5 سے7 | کیتھیز برانچ اور ہیریٹیج لائبریری |
| آن لائن ڈراپ-ان سیشن | جمعرات 09 مئی 2023<br>صبح 9:30 سے دوپہر 12 | مائیکروسافٹ ٹیمز |

| | | |
|---|---|---|
| آن لائن ڈراپ-ان سیشن | بدھ 17 مئی 2023<br>صبح 9:30 سے دوپہر 12 | مائیکروسافٹ ٹیمز |
| آن لائن ڈراپ-ان سیشن | سوموار 05 جون 2023<br>دوپہر 1:30 سے سہ پہر 4:30 | مائیکروسافٹ ٹیمز |
| آن لائن ڈراپ-ان سیشن | جمعرات 08 جون 2023<br>دوپہر 1:30 سے سہ پہر 4 | مائیکروسافٹ ٹیمز |
| عوامی ملاقات (بذریعہ انگریزی) | جمعرات 18 مئی 2023<br>شام 6:15 سے شام 7:40 | کیتھیز کمیونٹی سنٹر |
| عوامی ملاقات (بذریعہ ویلش) | جمعرات 25 مئی 2023<br>شام 6:15 سے شام 7:40 | کیتھیز کمیونٹی سنٹر |
| آن لائن ڈراپ-ان سیشن | جمعرات 08 جون 2023<br>شام 6 سے شام 7:30 | مائیکروسافٹ ٹیمز |

کونسل ہر سکول کے عملے اور منتظمین سے بھی ملے گی۔

**میں اپنے نظریات کیسے بتا سکتا ہوں؟**

آپ اپنے نظریات کا اظہار کر سکتے ہیں:

- عوامی ملاقات یا ڈراپ-ان سیشن میں شامل ہو کر۔ اگر آپ آن لائن ڈراپ-ان سیشن/آن لائن عوامی ملاقات میں شامل ہونا چاہتے ہیں ، تو براہ کرم ہمیں بذریعہ ای میل رابطہ کریں schoolresponses@cardiff.gov.uk اس بات کی تصدیق کے لیے کہ آپ کون سے سیشن میں شامل ہونا چاہتے ہیں، اور ہم آپ کو لنک اور ہدایات دیں گے کہ کس طرح سے آپ اس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔
- رد عمل کا برقی فارم مکمل کر کے جو آپ کو www.cardiff.gov.uk/CathaysGabalfaPrimarySchools پر مل جائے گا
- پرنٹ کر کے مشورتی رد عمل فارم مکمل کر کے جو آپ کوwww.cardiff.gov.uk/CathaysGabalfaPrimarySchools پر مل جائے گا اور فارم کو بذریعہ ڈاک کمرہ 401، کاؤنٹی ہال، کارڈف، CF10 4UW پر واپس بھیج کر۔
- schoolresponses@cardiff.gov.uk پر بذریعہ ای میل سکول آرگنائزیشن پلیننگ ٹیم کو لکھ کر یا بذریعہ ڈاک کمرہ 401، کاؤنٹی ہال، کارڈف، CF10 4UWپر۔ اگر آپ کا کوئی خاص سوال ہو جو آپ کو لگے کہ آپ کو اس کے متعلق مزید معلومات درکار ہے تو آپ کسی افسر کو آپ سے رابطہ کرنے کے لیے بھی کہہ سکتے ہیں۔

براہ کرم ذہن نشین کر لیں کہ بھیجے گئے تمام تبصروں کے ساتھ خواہ تحریری ہوں یا بذریعہ ای میل بھیجنے والے کا مکمل نام اور ڈاک پتہ لازماً موجود ہونے چاہئیں۔

**اس مشاورت کے لیے رد عمل دینے کی آخری تاریخ منگل 30 جون 2023 ہے۔**

بد قسمتی سے، ہم اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والے رد عمل زیر غور نہیں لا سکیں گے۔

**ہم ان تبدیلیوں کی تجویز کیوں دے رہے ہیں؟**

**کارڈف کے پڑھنے والوں کے لیے 'سٹرانگر، فئیرر، گرینر' عزائم**

کونسل کی 'سٹرانگر، فئیرر، گرینر' دستاویز کونسل کو خطرے سے دوچار سیکھنے والوں کی مدد کے لیے پر عمل بناتی ہے۔ اس میں زیر نگہداشت بچے، وہ بچے جو سکول کے لیے کہیں سے پڑھے ہیں اور بہت زیادہ محروم معاشروں کے بچے شامل ہیں۔ کونسل ایک کمیونٹی فوکسڈ سکولز پروگرام بنا رہی ہے اور دو زبانوں کے استعمال کے فوائد کی ترویج کر رہی ہے۔ پروگرام ویلش گورنمنٹ سیمریگ 2050 سٹریٹجی کو مد نظر رکھتے ہوئے ویلش میڈیم سکولوں میں تعداد بڑھانے کا خواہاں ہے۔

- کونسل کو لازمی طور پر یقینی بنانا ہے کہ ہر علاقے میں خدمات سر انجام دینے والے سکولوں میں تعداد اور ان کی اقسام میں توازن قائم رہے۔
- لازمی طور پر کافی حد تک فالتو جگہیں دستیاب ہوں۔
- ہر سکول میں اہلیت متعلقہ کمیونٹی کی شدید ترین ضروریات کے پیش نظر رکھی جائے۔
- کونسل سیکھنے کے مواقع پر بہترین اثر اور نتائج کے لیے لازمی طور پر اپنے اساتذہ اور دیگر عملے کی صلاحیت کو بڑھائے۔

**شہر بشہر آبادی کی تبدیلیاں**

18/2017 سے، شرح پیدائش میں نمایاں کمی اور شہر کی جانب نقل مکانی کی طرز میں تبدیلی دیکھی گئی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ شہر بشہر پرائمری سطح کے داخلے کم از کم ستمبر 2025 تک کم ہوں گے۔ تاہم، آبادی میں تبدیلی شہر کے سب حصوں میں یکساں نہیں ہے۔

جیسا کہ والدین سکول کے لیے ترجیح بتا سکتے ہیں، کچھ سکول ذیادہ داخلے کرتے رہیں گے۔ دیگر سکولوں کے لیے طلباء کی تعداد پر اثر شہر کی اوسط سے کہیں ذیادہ ہو گا۔

سکول اپنے طلباء کی تعداد کی بنیاد پر اپنے ذیادہ تر فنڈ وصول کرتے ہیں۔ طلباء کی کم ہوتی تعداد کئی ایک سکولوں کے بجٹ پر اثر انداز ہو گی۔ اس سے ان سکولوں کے پڑھانے اور سیکھانے کے مواقع پر اثر پڑے گا۔

کونسل تجویز کر رہی ہے کہ سکول میں داخلہ کیے جانے والے طلباء کا پہلے سے اندازہ لگا کر بہتر توازن قائم رکھا جائے۔ اس سے سکولوں کے بجٹ کے مزید مؤثر انداز میں استعمال میں مدد ملے گی۔ اس سے سکول اپنے بجٹ کا ذیادہ حصہ پڑھانے اور سیکھانے کے لیے استعمال کر سکیں گے۔

**کارڈف ویلش ان ایجوکیشن سٹریٹجک پلان (WESP)**

'Cymraeg 2050': ملین ویلش سپیکرز ویلش حکومت کا ویلش زبان کے استعمال کے فروغ کا ایک منصوبہ ہے۔ اس کا ہدف 2050 تک دس لاکھ ویلش بولنے والے لوگ تیار کرنا ہے۔

ویلز میں تمام مقامی حکام کو ویلش ان ایجوکیشن سٹریٹجک پلان شائع کرنا ہے۔ ان کے منصوبے میں، ان کو لازماً دس سالہ ہدف مقرر کرنا ہے جو وہ سال اول میں لیے جانے والے بچوں کی تعداد میں اضافہ ہو گا جن کو ویلش زبان میں پڑھایا جائے گا۔ ویلش حکومت کی جانب سے کارڈف کے لیے 2031 تک سال اول کے لیے 25 سے 29 فیصد کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ حالیہ یہ 18 فیصد ہے۔

**کافی انگریزی میڈیم اور ویلش میڈیم سکولوں کی فراہمی**

کونسل نے گزشتہ علاقے میں ویلش میڈیم اور انگریزی میڈیم سکولوں کی تعداد میں مناسب توازن قائم رکھنے کے لیے ایک مشاورت کی۔

مشاورت سے یہ بات سامنے آئی کہ ویلش میڈیم سکولوں بڑھانے سے متعلق مجموعی طور پر لوگ راضی ہیں،اگرچہ کہ دیگر مسائل بھی اجاگر کیے گئے۔

حالیہ تجاویز گزشتہ تجاویز میں موجود مسائل کا حل ہیں۔ ان تجاویز میں گزشتہ مشاورت میں سامنے آئے مسائل سے نمٹا گیا ہے۔

اس سے متعلق مزید معلومات www.cardiff.gov.uk/CathaysGabalfaPrimarySchools پر مشاورتی دستاویز سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

**تجاویز میں کون سے سکول شامل ہیں؟**

تجاویز میں شامل سکول ہیں:

- ایلنز بینک پرائمری سکول
- گلیڈسٹون پرائمری سکول
- سینٹ مونیکا Ciw پرائمری سکول
- Ysgol Myndd Bychan

ان تجاویز میں دیگر سکولوں کے لیے تجاویز میں کوئی تبدیلی نہیں ہے۔




سکول کی جگہوں، مسافت کے راستوں اور فاصلوں سے متعلق مزید مفصل معلومات www.cardiff.gov.uk/CathaysGabalfaPrimarySchools پر مکمل مشاورتی دستاویز سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

**علاقے میں حالیہ پرائمری تعلیمی نظام کیسا ہے؟**

**انگریزی میڈیم**

باہم مل کر ایلنز بینک پرائمری سکول، البانی پرائمری سکول اور گلیڈسٹون پرائمری سکول کا پرائمری حصہ کیتھیز ہائی سکول کے سیکنڈری حصے کی بنیاد بناتا ہے۔ یہی پود کیتھیز اور گبالفہ، ہیتھ، للینڈف نارتھ اور پلیسنوڈ کی بنیاد ہے۔

ویلز (CiW) پرائمری سکول میں سینٹ مونیکا چرچ، گبالفہ میں سینٹ جوزف رومن کیتھولک(RC) پرائمری سکول اور پلیسنوڈ میں سینٹ پیٹرز رومن کیتھولک (RC) پرائمری سکول بھی ان کمونٹیز کی خدمات میں مصروف ہیں۔

البانی پرائمری سکول، ایلنز بینک پرائمری سکول اور گلیڈسٹون پرائمری سکول میں ملا کر اتنی جگہ ہے کہ تینوں متعلقہ علاقوں سے حالیہ سالوں میں انگریزی میڈیم میں داخلہ لینے کے خواہشمند طلباء داخلہ لے سکتے ہیں، جب کہ شہر بھر میں داخلے عروج پر ہوتے ہیں۔

**ویلش میڈیم**

Ysgol Myndd Bychan کیتھیز کمیونٹی اور گبالفہ کمیونٹی کے حصوں، ہیتھ اور پلیسنوڈ کے لیے ہے۔

Ysgol Y Wern, Ysgol Glan Ceubal اور Ysgol Melin Gruffydd میں آنے والے طلباء کا علاقہ Ysgol Myndd Bychan سے متوازی ہے۔

Ysgol Myndd Bychan گزشتہ پانچ داخلوں میں مکمل کھلا ہے۔ ہر سال، قریبی علاقوں کے سکولوں میں اتنی کافی جگہیں ان طلباء کے لیے موجود تھیں جو Myndd Bychan میں داخلہ نہ لے سکےتاہم، Ysgol Myndd Bychan کے علاقے میں بچوں کے لیے، دیگر ویلش میڈیم سکول ان کے گھروں سے دور ہیں۔

تمام چار سکولوں میں اندازاً فالتو جگہیں اتنی نہیں ہیں کہ طویل مدت میں ویلش میڈیم میں ذیادہ داخلہ کیا جا سکے۔ متعلقہ علاقوں میں تبدیلی سیٹوں کے توازن کو بہتر کرے گی، لیکن طویل مدتی بہتری کو بہتر نہیں بنائے گی۔ یہ کارڈف WESP میں مقرر کردہ بڑھوتری کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے کافی کام نہیں ہو گا۔

ویلش میڈیم تعلیم میں طویل مدتی بہتری میں مدد پر مزید معلومات www.cardiff.gov.uk/CathaysGabalfaPrimarySchools پر مشاورتی دستاویز سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

**دیگر فراہمی**

کارڈف کے وسیع تعلیمی نظام میں کئی ایک آزاد سکول بھی شامل ہیں۔ کارڈف مسلم پرائمری سکول اور کنگز مونکٹن کیتھیز اور پلیسنوڈ کمیونٹی میں بالترتیب واقع ہیں۔

**کیا دوسرے آپشن بھی زیر غور لائے گئے؟**

البانی، ایلنزبینک اور گلیڈسٹون پرائمری سکولوں میں علاقے میں اندازاً طلب کے مطابق انگریزی میڈیم کے لیے کافی جگہ موجود ہے۔ مجموعی طور پر بہت فالتو سیٹیں موجود ہیں۔

موجودہ Ysgol Myndd Bychan میں اتنی جگہ موجود نہیں کہ اسے وسیع کیا جا سکے۔ علاقے میں کوئی موزوں ایسی جگہ نہیں ہے کہ جہاں Ysgol Myndd Bychan کو قائم کیا جا سکے۔ کونسل نے موجودہ Ysgol Myndd Bychan کے علاقے میں متبادل جگہ دیکھی ہے۔

البانی پرائمری سکول کی جگہ کے لیے کوئی تبدیلی تجویز نہیں کی گئی۔ یہ جگہ ان طلباء کے گھروں سے بہت دور ہے جو ابھی Ysgol Myndd Bychanجاتے ہیں۔ سکول میں مجموعی طور پر نسبتاً کم فالتو سیٹیں ہیں اور کوئی فالتو کمرہ جماعت نہیں ہے۔

Ysgol Myndd Bychanکو گلیڈسٹون پرائمری سکول اور ویلز پرائمری سکول میں سینٹ مونیکا چرچ کی مشترکہ جگہ پر منتقل کرنا اور ایلنزبینک کی جگہ پر انگریزی میڈیم کی فراہمی کی تجویز نہیں ہے۔ ان تبدیلیوں کا حالیہ مقامی سکول جانے والے طلباء کے خاندانوں پر بہت ذیادہ اثر ہو گا اور ممکنہ طور پر مستقبل کے داخلوں پر بھی۔

دیے گئے اختیارات اور یہ کہ دیگر اختیارات زیر گور کیوں نہیں لائے گئے پر مزید تفصیلات www.cardiff.gov.uk/CathaysGabalfaPrimarySchools پر مشاورتی دستاویز سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

**تبدیلیاں سکول کے بجٹ اور عملے کو کیسے متاثر کریں گی؟**

سکول کے بجٹ ان میں موجود بچوں کی تعداد کی بنیاد پر ہوتے ہیں۔ سکول اپنے بجٹ کے حساب سے گرانٹ موصول کرتے ہیں۔ فالتو نشستوں والے چھوٹے سکولوں کے لیے بڑے سکولوں کی نسبت اپنے بجٹ میں توازن قائم ذیادہ مشکل ہوتا ہے۔

جیسا کہ پرائمری حصے میں داخل ہونے والے بچوں کی تعداد کم ہو رہی ہے ، اس لیے کارڈف کے سکولوں میں مطلوبہ عملے میں کمی کی ضرورت ہے، حتیٰ کہ اگر کوئی بھی تبدیلی سکولوں میں نہ کی جائے۔

ہر سکول کے منتظمین یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ سکول میں پڑھانے اور سیکھانے کے عمل میں مدد کے لیے کیسے بہترین طریقے سے اس کے بجٹ کو استعمال کرنا ہے۔ عملے سے متعلق لیا گیا کوئی بھی فیصلہ ہر سکول کے منتظمین کا معاملہ ہے۔

ٹو-فارم پرائمری سکول (آپشن1) کے لیے مطلوبہ عملے کی تعداد ٹو ون فارم پرائمری سکول کی تعداد کے برابر ہے۔ تاہم، مطلوبہ داخلوں کی تعداد اور قسم طلباء کی تعداد اور سکول کےبجٹ کی صورتحال پر منحصر ہو گی۔

اگر آپشن 1 پر عمل کیا جائے، توقع کی جاتی ہے کہ کچھ عہدوں پر مطلوبہ عملے کی تعداد میں کمی ہو گی جیسے کہ ایک ہیڈ ٹیچر اور ڈپٹی ہیڈ ٹیچر۔

ایلنز بینک پرائمری سکول اور گلیڈسٹون پرائمری سکول کو بند کر کے اور ایک ٹو فارم پرائمری سکول کھولنے سے عملے کے لیے ممکنہ خطرہ ہے کہ وہ زائد ہو جائے گا۔ اس لیے اس سے سکول ریڈپلائمنٹ اینڈ ریڈنڈینسی پالیسی کے مطابق نمٹنے کی ضرورت ہے۔

کونسل سکول کے عملے کے لیے کارڈف میں دیگر سکولوں میں ملازمت حاصل کرنے کے مواقع کے بہترین استعمال کو دستیاب بنانے کے لیے پر عزم ہے۔

اگر ایلنز بینک پرائمری سکول سے سپیچ اینڈ لینگوئج کلاس کو دیگر سکول میں لے جانے کا فیصلہ ہوا تو ان انتظامات کو زیر غور لایا جائے گا۔

**تبدیلیوں کے لیے فنڈ کس طرح دیا جائے گا؟**

تجاویز کی رو سے کونسل علاقے میں سکول کی عمارتوں میں سرمایہ کاری کر سکتی ہے۔ ویلش حکومت نے Ysgol Myndd Bychan میں تبدیلیوں کی حمایت میں گرانٹ فراہم کرنے پر رضامندی کا اظہار کیا ہے۔ اگر تبدیلیاں نہ کی گئیں، تو کونسل کو یہ فنڈ نہیں ملیں گے۔ کونسل کی جانب سے سکول کی عمارتوں میں دیگر تبدیلیوں کے لیے فنڈ دستیاب ہوں گے۔

مجوزہ تبدیلیوں کے نتیجہ میں کونسل کے لیے کوئی بچت نہیں ہو گی۔ تبدیلیوں سے سکول کا بجٹ کم نہیں ہو گا۔ کم شدہ عملے اور دیگر لاگت میں کمی کے باعث بچت سکول کے بجٹ میں مزید مؤثر طریقے سے تفویض کر دی جائے گی۔ اگر آپشن 1 پر عمل کیا جائے، تو سکول بجٹ فارمولا میں تقریباً سالانہ 98000 پونڈ کی تبدیلیاں ہوں گی۔ یہ نئے سکول کو تین سال کے دورانیے کے لیے تفویض کر دیا جائے گا اور سمتقبل کے سالوں میں تمام سکولوں کے بجٹ میں تقسیم کر دیا جائے گا۔

**سکول جانے والے طلباء کس طرح متاثر ہوں گے؟**

اگر ایلنزبینک پرائمری سکول اور گلیڈستون پرائمری سکول بند ہوتے ہیں اور ایک نیا انگریزی میڈیم سکول کھولا جاتا ہے (آپشن1)، تو ایلنزبینک یا گلیڈستون جانے والے تمام طلباء کو نئے پرائمری سکول میں منتقل ہونے کی پیشکش کی جائے گی الا کہ وہ متبادل کسی سکول میں منتقل ہونا چاہیں۔

اگر ایلنزبینک پرائمری سکول گلیڈ سٹون پرائمری سکول اور ویلز پرائمری سکول میں سینٹ مونیکا چرچ کی مشترکہ جگہ پر منتقل ہو جاتا ہے (آپشن2) تو ایلنزبینک جانے والے طلباء ہنوز اس کی نئی جگہ پر اسی سکول جائیں گے الا کہ وہ کسی اور سکول منتقل ہونا چاہیں۔

اگر سینٹ مونیکا CiW پرائمری سکول Ysgol Myndd Bychan کی جگہ پر منتقل ہو جاتا ہے ، تو سینٹ مونیکا جانے والے طلباء اس کی نئی جگہ پر بھی اسی سکول جائیں گے الا کہ وہ کسی اور سکول منتقل ہونا چاہیں۔

اگر Ysgol Myndd Bychan ایلنز بینک پرائمری سکول کی جگہ پر منتقل ہو جاتا ہے تو Myndd Bychan جانے والے طلباء سکول کی نئی جگہ پر اسی سکول جائیں گے الا کہ وہ کسی دیگر سکول منتقل ہونا چاہیں۔

سکول کی جگہوں پر عمارتوں کے منصوبوں کی کامیاب ڈلیوری کا کونسل کو کافی تجربہ ہے۔

اگر کوئی بھی مجوزہ تبدیلی پر عمل ہونا ہو تو ایک لیڈ افیسر ہر سکول میں متعلقہ انتظامی ڈھانچے کے ساتھ کام کرے گا۔ یہ مفصل سرمایہ کاری کے پروگرام کی کارکردگی کو دیکھیں گے۔ اس میں منصوبہ بند کام، منتقلی کے انتظامات، طلباء اور عملے کی صحت اور بہتری اور اوقات کار شامل ہیں۔ جہاں بھی ممکن ہوا کام سکول کی چھٹیوں کے دوران کیا جائے گا تا کہ پڑھانے کے عمل پر اثر کو کم کیا جا سکے۔

مشاورت کے حصے کے طور پر کونسل سکول میں طلباء کے نظریات جانے گی اور کوئی بھی اجاگر کیے گئے مسائل مستقبل کے کام کے منصوبوں پر مطلع کریں گے۔

**سیکھنے کی اضافی ضروریات کی فراہمی**

ایلنزبینک پرائمری سکول میں ایک سپیچ اینڈ لینگوئج ارلی انٹر وینشن کلاس ہوتی ہے۔ یہ شہر بھر کے سیکھنے والوں کے لیے ہے جو دیگر سکولوں میں جاتے ہیں لیکن اضافی مدد کے طالب ہوتے ہیں۔

اگر ایلنزبینک پرائمری سکول بند ہو جاتا ہے اور ایک نیا سکول کھولا جاتا ہے (آپشن1) تو کونسل اور انتظامی ڈھانچہ اس بات کو زیر غور لائے گی کہ آیا سپیچ اینڈ لینگوئج کلاس کو نئے سکول میں شامل کرنا ہے یا پھر کسی دوسرے سکول لے جانا ہے۔

اگر ایلنزبینک پرائمری سکول گلیڈسٹون کی جگہ پر منتقل ہو جائے (آپشن2)تو کونسل اور انتظامی ڈھانچہ اس بات کو زیر غور لائے گی کہ آیا سپیچ اینڈ لینگوئج کلاس کو نئے سکول میں شامل کرنا ہے یا پھر کسی دوسرے سکول لے جانا ہے۔

اگر ایلنزبینک پرائمری سکول حالیہ Ysgol Myndd Bychanکی جگہ پر منتقل ہو جائے تو کونسل سپیچ اینڈ لینگوئج کلاس کو نئے سکول میں شامل کر دے گی۔

Ysgol Myndd Bychan ایلنزبینک پرائمری سکول کی جگہ پر منتقل ہو جائے تو کونسل ایک ویلش میڈیم اسپیشلسٹ ریسورس بیس کھولنے کا سوچ سکتی ہے۔ اس پر بعد کی کسی تاریخ پر مختلف تجاویز درکار ہوں گی۔

**معیارات**

کونسل سکول کے انتظامی ڈھانچوں کے ساتھ مل کر کام کرتی ہے تا کہ یقینی بنایا جا سکے کہ سکول میں معیارات بلند ہیں، پڑھانے کا عمل ٹھیک ہے اور یہ کہ انتظامی معاملات مضبوط ہیں۔

مجوزہ تبدیلیوں میں شامل چار سکولوں میں معیارات اچھے ہیں۔

ایک نیا ٹو فارم انگریزی میڈیم پرائمری سکول کھولنے سے، Ysgol Myndd Bychanکی ٹو فارم انٹری میں مجوزہ توسیع اور سینٹ مونیکا میں نرسری کھولنےس ے تعلیمی فوائد کے مواقع کی فراہمی ہو گی۔ سکول گزشتہ ترقی کو آگے لے کر چل سکیں گے، حالیہ اور مستقبل کے طلباء کے لیے تعلیم کے معیار پر مثبت اثر کو یقینی بنانے کے لیے۔

مشترکہ جگہ پر ایلنز بینک پرائمری سکول اور گلیڈسٹون پرائمری سکول کو علیحدہ علیحدہ سکول کی حیثیت سے قائم رکھنے سے تو فارم انٹری سکول کے فوائد حاصل نہیں ہوں گے۔ تاہم، اگر یہ سکول باہمی تعاون پر رضامند ہو جائیں تو ایلنز بینک پرائمری سکول اور گلیڈسٹون پرائمری سکول کے کچھ تعلیمی فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

**تجاویز کے کیا فوائد ہیں؟**

تجاویز کے فوائد اس بات پر منحصر ہیں کہ کون سا آپشن زیر عمل لایا جاتا ہے۔

**مجموعی طور پر، مجوزہ تبدیلیاں:**

- مقامی علاقے کی خدمات کے لیے حالیہ انگریزی میڈیم پرائمری حصے کی نشستیں برقرار رکھیں گے یا پھر برائے نام کم کریں گے۔
- انگریزی میڈیم اور ویلش میڈیم دونوں میں دستیاب جگہوں اور داخلہ لینے کے خواہشمند بچوں میں بہتر توازن ہو گا۔
- مقامی سکول میں کم بچوں کو داخلے سے انکار کیا جائے گا۔
- یقینی بنایا جائے گا کہ ہر سکول میں پیشکش کی گئی فراہمی مقامی کیونٹی کی باریک ترین ضروریات پوری کرتی ہے۔
- تعلیم کے حالیہ معیارات کو برقرار رکھیں گے اور سکول اپنے طلباء کے لیے تعلیم کو بہتر بنانا جاری رکھے گا

- سکول کی حالیہ جگہیں سکول کے لیے ہی رہیں گی تا کہ مستقبل میں آبادی کی تبدیلی کے لیے کافی جگہ موجود ہو۔
- ایجوکیشن سٹریٹجک پلین (WESP) اور سیمرائیگ 250 کے اہداف کی جانب بہتری میں مدد۔
- Ysgol Myndd Bychanکو اپنے بہترین معیار پر قائم رہنے اور جاری رکھنے میں مدد۔
- Ysgol Myndd Bychanمیں تعلیم سے مستفید ہونے کے لیے بچوں کی ذیادہ تعداد کی اجازت۔
- سکولوں کو معاشی طور پر مضبوط بنانے میں مدد، ان کے وسائل کا بہترین استعمال کرنا۔

**ایک نیا ٹو فارم انگریزی میڈیم پرائمری سکول کھولنا اور Ysgol Myndd Bychan کو ٹو فارم میں بڑھانا:**

- طویل مدت میں معاشی طور پر مزید مضبوط سکول کی ترتیب کی فراہمی
- بہتر طریقے سے فراہمی میں معاشی طور پر مضبوط سکولوں کی مدد
- سکولوں کو پڑھانے اور سیکھانے کے عمل میں مدد کے لیے بجٹ کا ایک بڑا حصہ مختص کرنے میں مدد، تا کہ سیکھنے والوں کے لیے مواقع بڑھائے جا سکیں
- ٹو فارم پرائمری سکول چھوٹے سکولوں کی نسبت طلباء کے لیے ذیادہ لچک اور مواقع دیتے ہیں
- قیادت کی تمام سطحوں پر ٹو فارم انٹری پرائمری سکول ذیادہ پائیداری فراہم کرتے ہیں
- سکول وسیع علم اور تجربے والا ذیادہ اساتذہ اور مددگار عملہ بھرتی کر سکتا ہے
- پیشہ ورانہ طور پر عملہ تیار کرنے کے لیے ذیادہ مواقع ہوں گے جیسا کہ نئے اساتذہ جو ائیر گروپ میں دوسرے اساتذہ کا مشاہدہ کر سکتے ہیں
- اپنی تعداد کو پڑھانے کے لیے عملے کے لیے مواقع تا کہ سیکھنے والوں کو ممکنہ طور پر سیکھنے کے بہترین تجربات حاصل ہوں
- سیکھنے کے موضوعات پر رہنمائی کے لیے اساتذہ کی بڑی تعداد، اور ,RE, RSE اور ڈیجٹل کمپی ٹینسی
- غیر نصابی سرگرمیوں کے لیے وسیع مواقع
- قیادت کے لیے وسیع مواقع

**ایلنزبینک پرائمری سکول کو غلیڈسٹون پرائمری/سینٹ مونیکا ciW پرائمری سکول کی حالیہ مشترکہ جگہ پر منتقل کرنے سے:**

- فراہمی کو تسلسل فراہم کرے گی جو سکول کے معیار اور ثقافت کا عکاسی کرے گی
- والدین کے سکول کے ساتھ آغاز سے ممکنہ طور پر مضبوط رابط کے قائم کرنے میں مدد
- نرسری کی عمر کے بچے کی منتقلی میں آسانی جب رسیپشن کلاس میں جا رہا ہو (جہاں رسیپشن داخلہ درخواست کامیاب ہو)
- خطرے سےدو چار گروہوں کی جلد شناخت میں مدد۔ اس کا مطلب ہے کہ جتنا جلد ممکن ہو سکے بچوں کی ضروریات کا پتا چلایا جا سکتا ہے۔

- اپنے بڑے بہن بھائیوں والی جگہ پر ہی نرسری جانے میں بچوں کے لیے مواقع۔ یہ والدین کے لیے مثبت ہوگا اور بہن بھائیوں کو کسی دیگر نگہداشت فراہم کننده کے پاس بھیجنے کی مشکل  کو کم کرے گا۔
- ارلی ائیرز اور فاؤنڈیشن فیز کے مابین تسلسل کی فراہمی، انفرادی ترقی  اور ثقافتی ضروریات سے مناسب طریقے سے نمٹنے کے لیے زیادہ مواقع اور

**تجاویز کے ممکنہ کون سے نقصانات ہیں؟**

- دن کے آغاز اور آخر پر ایلنزبینک پرائمری سکول کی حالیہ جگہ اور گلیڈسٹون پرائمری/سینٹ مونیکا CiW پرائمری سکول کی حالیہ مشترکہ جگہ پر ٹریفک بڑھ جانے کا خطرہ ہے۔ تاہم، کونسل سکولوں کے انتظامی ڈھانچے کے ساتھ مل کام کرے گی کہ کسی بھی خلل کو کم سے کم تر کرنے کے لیے منصوبہ بندی کی جائے
- آپشن 1 کی تجویز ایلنز بینک پرائمری سکول اور گلیڈستون پرائمری سکول کو بند کرنے سے دو تاریخی ادارے کھو دیے جائیں گے جن کی ان کی متعلقہ کمیونٹی میں قدروقیمت ہے
- آپشن 3 کی تجویز کہ ایلنزبینک پرائمری سکول کی تعداد کم کر دی جائے اس سے انگریزی میڈیم کمیونٹی پرائمری سکولوں کی تعداد میں کمی آئے گی

**تجاویز سے کیا خطرات ہیں؟**

- خطرہ ہے کہ مستقبل میں انگریزی میڈیم جگہوں کی طلب میں اضافہ ہو گا۔ تاہم، آنے والے سالوں میں کونسل طلب کو دیکھے گی تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ انگریزی میڈیم تعلیمی نظام میں داخلہ لینے والے خواہشمندوں کے لیے کافی جگہ موجود ہے۔ جیسا کہ تجاویز میں گزشتہ جگہوں کو برقرار رکھا گیا ہے اور سکول کی عمارتوں میں  دستیاب جگہ کو ختم نہیں کیا گیا اس لیے مستقبل میں ان تبدیلیوں میں لچک کی گنجائش موجود ہے۔
- خطرہ ہے کہ ویلش میڈیم میں داخلہ لینے والے طلباء کی تعدادذیادہ نہیں ہو گی۔ کونسل اس سب کو زیر جائزہ رکھے گی اور اگر ضرورت ہوئی تو کسی بھی ایسی تبدیلی پر رد عمل دیا جائے گا۔
- قریبی ویلش میڈیم سکولوں پر اثر کا خطرہ ہے۔ تاہم، توقع ہے کہ یہ مختصر مدت کے لیے ہو گا کیوں کہ  ویلش میڈیم میں طلباء کی تعداد ویلش ان ایجوکیشن سٹریٹجک پلان (WESP) کے منصوبے کے تحت بڑھتی ہے۔
- منتقلی کے دورانیے میں طلباء کے لیے خلل کا خطرہ ہے۔ تاہم، کونسل کو عمارتیں بنانے کے منصوبوں میں کامیابی کا بہت تجربہ ہے۔ تعمیر کے کسی بھی کام  کو مؤثر طریقے سے ترتیب دیا جائے گا تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ تمام نصاب اسی طرح ڈلیور کیا جا رہا ہے اور یہ کہ تعلیم کے بلند معیارات اور نصابی سرگرمیوں کو تسلسل حاصل ہے۔

- اگر آپشن 2 پر عمل ہوتا ہےتو ایلنزبینک پرائمری  سکول اور گلیڈسٹون پرائمری سکول کے منتظمین آپس میں باہمی تعاون سے اس پر عمل پیرا نہ ہونے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔

**آگے کیا ہو گا؟**

کونسل اس مشاورت سے حاصل رد عمل اکٹھے کر کے ان کا خلاصہ کرے گی۔ پھر کونسل کے افسران اس کو کونسل کابینہ  اور ویلز پرائمری سکول میں سینٹ مونیکا چرچ کے منتظمین کو پیش کریں گے۔

اگر مشاورت کے بعد کسی بھی مجوزہ آپشن پر عمل پیرا ہونے پر رضامندی ہوئی، تو مزید کئی ایک مراحل ہیں جن پر کونسل اور ویلز پرائمری سکول میں سینٹ مونیکا چرچ کو عمل کرنا ہے ، حتمی فیصلہ کرنے سے پہلے۔

اگر کابینہ اور ویلز پرائمری سکول میں سینٹ مونیکا چرچ کے منتظمین دونوں تبدیلیوں کے حامی ہوں، تو ان دونوں کو الگ الگ 'قانونی مراسلہ' شائع کرنا ہو گا۔ یہ ایک سرکاری بیان ہے کہ تبدیلیوں  پر کس طرح سے عمل کرنا ہے۔

قانونی مراسلے میں تجاویز کی تفصیلات ہوں گی اور پوچھے گا کہ آیا  کسی کو اس پر اعتراض ہے۔ اعتراضات لازماً تحریری ہوں۔ یہ لازماً مراسلے پر دی گئی تاریخوں کے اندر جمع کروائے جائیں۔

کابینہ ایلنزبینک پرائمری سکول، گلیڈسٹون پرائمری سکول اور Ysgol Myndd Bychanکے لیے تجاویز کو منظور کرنے یا مسترد کرنے کا فیصلہ کر سکتی ہے یا وہ کچھ تبدیلیوں کے ساتھ تجاویز کو منطور کر سکتے ہیں۔ کابینہ فیصلے کرنے کے لیے اس دوران موصول ہونے والے کسی بھی اعتراض کو زیرغور لائے گی۔

اگر ویلز پرائمری سکول میں سینٹ مونیکا چرچ  سے متعلق تجاویز پر  کوئی اعتراض نہ ہوا ، تو منتظمین خود اپنے سکول کے لیے تجاویز پر فیصلہ کریں گے۔

اگر ویلز پرائمری سکول میں سینٹ مونیکا چرچ  سے متعلق تجاویز پر  کوئی اعتراض ہوا، تو کونسل تجاویز پر فیصلہ کرے گی۔

**مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہے؟**

تجاویز پر مکمل تفصیلات www.cardiff.gov.uk/CathaysGabalfaPrimarySchools پر حاصل کی جا سکتی ہے۔